© rasailojaraid.com



سے ارکانِ حکومت کے سامنے پیش کی تھی۔ اور جس میں ریاست کی ترقی سے متعلق چند ضروری اصلاحات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ریاست کی آئینی حیثیت سمجھنے کے لیے اس کتاب کا مطالعہ مفید ہوگا۔

**پھلوں سے علاج** | مرتبہ حکیم عبداللہ صاحب۔ تقطیع خورد ضخامت ۵۲ اصفحات، کتابت وطباعت صاف اور اعلیٰ۔ قیمت ۸؍ العلاج کے خریداروں کے لیے مفت اور خریدارانِ برہان کے لیے قیمت ۲؍ ملنے کا پتہ منیجر العلاج روڑی ضلع حصار۔

حکیم محمد عبداللہ صاحب کئی مفید کتابوں کے مصنف ہیں۔ اس کتاب میں اُنھوں نے یہ بتایا ہے کہ مختلف بیماریوں کا کامیاب علاج شیریں اور خوش ذائقہ پھلوں اور سبز ترکاریوں کے ذریعہ کس طرح کیا جا سکتا ہے حکیم صاحب نے اس کتاب میں مشرق اور مغرب کے نامور اطباء کی آرا نقل کی ہیں۔ اور ساتھ ساتھ خود اپنے مجربات بھی لکھتے چلے گئے ہیں۔

**حلفیہ مجربات**۔ مرتبہ حکیم محمد عبداللہ صاحب تقطیع خورد ضخامت ۱۲۸ اصفحات خریدارانِ العلاج کو مفت اور دوسرے لوگوں کے لیے قیمت ۱۲؍ پتہ:۔ العلاج روڑی ضلع حصار۔

اس میں حکیم صاحب نے مختلف امراض کے لیے اپنے برسوں کے مجربات تحریر کیے ہیں۔ اور ہر ایک نسخہ حلف کے ساتھ لکھا ہے۔ ان دونوں کتابوں کو اچھی طرح پڑھ لینے کے بعد ایک متوسط درجہ کی استعداد کا انسان اپنی اور اپنے متعلقین کی صحت و تندرستی کے لیے مفید ہدایات معلوم کر سکتا ہے:۔



© rasailojaraid.com